ارباب مدارس توجہ فرمائیں

"وفاق المدارس" کی طرف سے چند ضروری اعلانات و معروضات

"وفاق المدارس العربیہ پاکستان" کی جانب سے بعض ضروری اعلانات برائے ارباب مدارس پیش خدمت ہیں۔ تمام اہل مدارس عمل در آمد فرما کر تعاون فرمائیں۔

۱۔ **فارم داخلہ :** سالانہ امتحانات ۱۴۱۹ھ کے داخلہ فارم تمام مدارس کو ارسال کئے جارہے ہیں اگر نہ ملیں تو حسب ضرورت طلب فرمائیں، عندالضرورت مزید فوٹو سٹیٹ بھی کروا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم عام فیس کے ساتھ یکم ربیع الثانی سے ۱۵ جمادی الاولی ۱۴۱۹ھ اور دوگنی فیس کے ساتھ ۳۰ جمادی الاولی تک وصول کئے جائیں گے۔ اس کے بعد کوئی فارم قبول نہیں ہوگا۔ داخلہ فیس اور سالانہ فیس کا الگ الگ ڈرافٹ ہونا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ رقم "کراس ڈرافٹ بنام وفاق المدارس" کے علاوہ کسی شکل میں بھی وصول نہیں کی جائے گی۔

۲۔ **فیسوں میں اضافہ :** موجودہ گرانی اور وفاق کے روز افزوں اخراجات کی وجہ سے فیسوں میں معمولی اضافہ کیا گیا ہے جو درج ذیل ہے۔

(ا) **مدارس کی سالانہ فیس :** مدارس ابتدائیہ = ۳۰۰ روپے، مدارس تحفیظ القرآن = ۴۰۰ روپے، مدارس تجوید القرآن = ۵۰۰ روپے، مدارس متوسطہ = ۴۰۰ روپے، مدارس ثانویہ = ۶۰۰ روپے، عالیہ = ۱۲۰۰ روپے، جامعات = ۱۸۰۰ روپے

(۲) **طلبہ کی داخلہ فیس :** حفظ = ۷۵ روپے، متوسطہ = ۷۵ روپے، عامہ = ۸۰ روپے، خاصہ = ۸۵ روپے، عالیہ = ۱۰۵ روپے، عالمیہ = ۱۳۵ روپے

(۳) **الحاق فیس :** مدارس ابتدائیہ (تحفیظ، تجوید، متوسطہ) = ۷۰۰ روپے، ثانویہ = ۱۰۰۰ روپے، عالیہ = ۱۷۰۰ روپے، جامعات = ۲۲۰۰ روپے تفصیل بالا کے مطابق ادائیگی فرمائی جائے۔

۳۔ **متوسطہ میں انگلش و سائنس کے لازمی مضامین :** آئندہ امتحانات شعبان ۱۴۱۹ھ میں درجہ متوسطہ کے لئے انگلش و سائنس کے مضامین لازمی کر دیئے گئے ہیں۔ انگلش کا پرچہ مستقل ہوگا جبکہ جنرل سائنس و ریاضی کا پرچہ مشترکہ ہوگا۔

۴۔ **امتحان میں عدم شرکت :** وفاق کے تحت ہونے والے امتحانات میں کسی معقول وجہ کے بغیر مسلسل تین سال تک شرکت نہ کرنے والے مدرسہ، جامعہ کا الحاق ختم کر دیا جائے گا۔

۵۔ **تجدید الحاق :** تمام مدارس و جامعات کی "تجدید الحاق" کا فیصلہ کیا گیا ہے اس سلسلہ میں تفصیلی خط اور فارم آنجناب کو ارسال کیا جا رہا ہے اس کی جلد تکمیل فرمادیں۔ کوئی بات وضاحت طلب ہو تو دفتر سے رابطہ فرمائیں۔

۶۔ **ڈائریکٹری مدارس :** تمام مدارس و جامعات کی ایک ڈائریکٹری عنقریب شائع کی جارہی ہے اس سلسلہ میں آپ اپنے ادارہ کا نام، پتہ، مہتمم کا نام، فون نمبر، فیکس نمبر، تاریخ الحاق، درجہ الحاق صاف اور واضح لکھ کر جلد دفتر کو روانہ فرمادیں

۷۔ **صوبائی مجلس عمومی کا اجلاس :**

وفاق سے ملحق صوبہ بلوچستان کے تمام مدارس و جامعات کی مجلس عمومی کا اجلاس ۲۷ جمادی الاولی ۱۴۱۹ھ، ۲۰ ستمبر ۱۹۹۸ء بروز اتوار مدرسہ تجوید القرآن سرکی روڈ کوئٹہ میں ہوگا۔ جبکہ صوبہ سندھ کے مدارس و جامعات کا اجلاس ۲۲ ستمبر ۱۹۹۸ء بروز منگل ہوگا جس کے مقام کا تعین عنقریب کر دیا جائے گا۔